اُردو

# بال بھارتی

چوتھی جماعت



# بھارت کا آئین

## حصہ 4 الف

## بنیادی فرائض

**حصہ 51 الف**

**بنیادی فرائض – بھارت کے ہر شہری کا یہ فرض ہوگا کہ وہ...**

(الف) آئین پر کاربند رہے اور اس کے نصب العین اور اداروں، قومی پرچم اور قومی ترانے کا احترام کرے۔

(ب) ان اعلیٰ نصب العین کو عزیز رکھے اور ان کی تقلید کرے جو آزادی کی تحریک میں قوم کی رہنمائی کرتے رہے ہیں۔

(ج) بھارت کے اقتدارِ اعلیٰ، اتحاد اور سالمیت کو مستحکم بنیادوں پر استوار کر کے ان کا تحفّظ کرے۔

(د) ملک کی حفاظت کرے اور جب ضرورت پڑے قومی خدمت انجام دے۔

(ہ) مذہبی، لسانی اور علاقائی وطبقاتی تفرقات سے قطع نظر بھارت کے عوام الناس کے مابین یک جہتی اور عام بھائی چارے کے جذبے کو فروغ دے نیز ایسی حرکات سے باز رہے جن سے خواتین کے وقار کو ٹھیس پہنچتی ہو۔

(و) ملک کی ملی جلی ثقافت کی قدر کرے اور اُسے برقرار رکھے۔

(ز) قدرتی ماحول کو جس میں جنگلات، جھیلیں، دریا اور جنگلی جانور شامل ہیں محفوظ رکھے اور بہتر بنائے اور جانداروں کے تئیں محبت وشفقت کا جذبہ رکھے۔

(ح) دانشورانہ رویے سے کام لے کر انسان دوستی اور تحقیقی و اصلاحی شعور کو فروغ دے۔

(ط) قومی جائداد کا تحفظ کرے اور تشدد سے گریز کرے۔

(ی) تمام انفرادی اور اجتماعی شعبوں کی بہتر کارکردگی کے لیے کوشاں رہے تاکہ قوم متواتر ترقی و کامیابی کی منازل طے کرنے میں سرگرمِ عمل رہے۔

(ک) اگر ماں باپ یا ولی ہے، چھے سال سے چودہ سال تک کی عمر کے اپنے بچے یا وارڈ، جیسی بھی صورت ہو، کے لیے تعلیم کے مواقع فراہم کرے۔

محکمۂ تعلیمات سے منظور شدہ تحت نمبر
پر-ش-س/ ۱۵-۲۰۱۴ء/ ۶۴۵۶/ منظوری - ڈی - ۵۰۵/ ۲۸۸۰/ ۲۴/ اپریل ۲۰۱۴ء

اپنے اسمارٹ فون میں انسٹال کردہ Diksha App کے ذریعے درسی کتاب کے پہلے صفحے پر درج Q.R. code اسکین کرنے سے ڈیجیٹل درسی کتاب اور ہر سبق میں درج Q.R. code کے ذریعے متعلقہ سبق کی درس و تدریس کے لیے مفید سمعی و بصری ذرائع دستیاب ہوں گے۔

3C1523





# اُردو

# بال بھارتی

## چوتھی جماعت






مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی و ابھیاس کرم سنشودھن منڈل، پونہ

پہلا ایڈیشن : ۲۰۱۴ء
(2014)
آٹھواں ایڈیشن : ۲۰۲۱ء
(2021)

© مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی و ابھیاس کرم سنشودھن منڈل، پونہ-۴
نئے نصاب کے مطابق مجلسِ ادارت اور مجلسِ مشاورت نے اس کتاب کو ترتیب دیا ہے۔ اس کتاب کے جملہ حقوق مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی و ابھیاس کرم سنشودھن منڈل، پونہ کے حق میں محفوظ ہیں۔ کتاب کا کوئی بھی حصہ ڈائرکٹر، مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی و ابھیاس کرم سنشودھن منڈل کی تحریری اجازت کے بغیر شائع نہ کیا جائے۔

**مجلسِ ادارت**

- ڈاکٹر سیّد یحییٰ نشیط (صدر)
- سلیم شہزاد (رکن)
- محمد حسن فاروقی (رکن)
- سرفراز آرزو (رکن)
- بیگم ریحانہ احمد (رکن)
- خان نوید الحق انعام الحق (رکن سکریٹری)

**مجلسِ مشاورت**

- احمد اقبال
- مشتاق رضا
- ڈاکٹر قمر شریف
- فاروق سیّد

**مدعوئین**

- بشیر احمد انصاری
- سلام بن رزّاق
- پروفیسر عائشہ شیخ

| | | |
|---|---|---|
| **Co-ordinator** | : | Khan Navedul Haque Inamul Haque<br>Special Officer for Urdu, Balbharati |
| **Production** | : | Shri Sachchitanand Aphale, Chief Production Officer<br>Shri Sachin Mehta, Production Officer<br>Shri Nitin Wani, Assistant Production Officer |
| **D.T.P. & Layout** | : | Yusra Graphics,<br>Shop No. 5, Anamay Building, 305, Somwar Peth, Pune - 411 011 |
| **Artist** | : | Shri Rajendra Girdhari<br>Shri Kasbekar Pritam Kumar |
| **Cover** | : | Shri Suhas Jagtap |
| **Paper** | : | 70 GSM Creamwove |
| **Print Order** | : | N/PB/2021-22/5,000 |
| **Printer** | : | M/S. SHARP INDUSTRIES, RAIGAD |
| **Publisher** | : | Shri Vivek Uttam Gosavi<br>**Controller,**<br>M.S. Bureau of Textbook Production,<br>Prabhadevi, Mumbai - 400 025 |

# بھارت کا آئین

## تمہید

**ہم بھارت کے عوام** متانت وسنجیدگی سے عزم کرتے ہیں کہ بھارت کو
ایک مقتدر سماج وادی غیر مذہبی عوامی جمہوریہ بنائیں
اور اس کے تمام شہریوں کے لیے حاصل کریں :
**انصاف**، سماجی ، معاشی اور سیاسی ؛
**آزادی** خیال، اظہار، عقیدہ ، دین اور عبادت ؛
**مساوات** بہ اعتبارِ حیثیت اور موقع ،
اور ان سب میں
**اُخوّت** کو ترقّی دیں جس سے فرد کی عظمت اور قوم کے اتحاد اور
سالمیت کا تیقّن ہو؛
**اپنی آئین ساز اسمبلی میں** آج چھبّیس نومبر ۱۹۴۹ءکو یہ آئین
ذریعۂ ہٰذا اختیار کرتے ہیں،
**وضع کرتے ہیں اور اپنے آپ پر نافذ کرتے ہیں۔**

## راشٹر گیت

جَنَ گَنَ مَنَ - اَدِھ نایک جَیَہ ہے
بھارَتَ - بھاگیَہ وِدَھاتا۔

پَنجاب، سِندُھ، گُجراتَ، مَراٹھا
دراوِڑ، اُتکَل، بَنگ،

وِندھیہ، ہِماچَل، یَمُنا، گنگا،
اُچّھَل جَل دِھ تَرَنگ،

تَوَشُبھَ نامے جاگے، تَوَشُبھَ آ شِس ماگے،
گاہے تَوَجَیَہ گاتھا،

جَنَ گَنَ منگَل دَایَک جَیَہ ہے،
بھارَتَ - بھاگیَہ وِدھاتا۔

جَیَہ ہے، جَیَہ ہے، جَیَہ ہے،
جَیَہ جَیَہ جَیَہ، جَیَہ ہے۔

## عہد

بھارت میرا ملک ہے۔سب بھارتی میرے بھائی اور بہنیں ہیں۔

مجھے اپنے وطن سے پیار ہے اور مَیں اس کے عظیم و گونا گوں وِرثے پر فخر محسوس کرتا ہوں۔مَیں ہمیشہ اِس ورثے کے قابل بننے کی کوشش کروں گا۔

میں اپنے والدین، استادوں اور بزرگوں کی عزّت کروں گا اور ہر ایک سے خوش اخلاقی کا برتاؤ کروں گا۔

میں اپنے ملک اور اپنے لوگوں کے لیے خود کو وقف کرنے کی قسم کھاتا ہوں۔ اُن کی بہتری اور خوش حالی ہی میں میری خوشی ہے۔

# پیش لفظ

’’بچوں کے لیے مفت اور لازمی تعلیم کے حق کا قانون ۲۰۰۹ء‘‘ اور ’’درسیات کا قومی خاکہ ۲۰۰۵ء‘‘ کو مدنظر رکھ کر ریاست مہاراشٹر میں ’’پرائمری تعلیم کا نصاب ۲۰۱۲ء‘‘ تیار کیا گیا۔ ادارہ بال بھارتی نے تعلیمی سال ۱۴-۲۰۱۳ء سے حکومت مہاراشٹر کے منظور کردہ اس نصاب پر مبنی پہلی سے آٹھویں جماعت کی اُردو زباندانی کی درسی کتابوں کا نیا سلسلہ بتدریج شائع کرنا شروع کر دیا ہے۔ اس سلسلے کی چوتھی جماعت کی درسی کتاب پیش کرتے ہوئے ہمیں بڑی مسرّت ہو رہی ہے۔

چوتھی جماعت ابتدائی تعلیم کا چوتھا مرحلہ ہے۔ بچے غیر رسمی طور پر اپنے گھر اور اطراف کے ماحول میں سُنی ہوئی باتیں سمجھ لیتے ہیں اور اپنے خیالات کا اظہار بھی کر سکتے ہیں۔ اسکول میں داخلہ لینے کے بعد بچوں کے زبان سیکھنے کا سلسلہ باقاعدہ شروع ہوتا ہے۔ اس جماعت کے بچے زبان سیکھنے کے تین مرحلوں سے گزر کر چوتھی جماعت میں داخل ہو چکے ہیں۔

ابتدائی جماعتوں کے بچے کم سن ہوتے ہیں۔ ان میں دیکھنے، سننے اور بولنے کی صلاحیتوں کو فروغ دینے اور اکتساب میں سہولت پیدا کرنے کی غرض سے اس درسی کتاب کو زیادہ سے زیادہ دلچسپ اور مسرت بخش بنانے کی کوشش کی گئی ہے۔ اس مقصد کے حصول کے لیے متنِ کتاب میں ایسی نظمیں شامل ہیں جنھیں بچے آسانی سے اجتماعی اور انفرادی طور پر گنگنا اور گا سکیں۔ طلبہ کو فطری طور پر تصویروں سے دلچسپی ہوتی ہے لہٰذا اس کتاب کو تصویروں سے مزین کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ تصویریں حتی الامکان ایسی دی گئی ہیں جو متن کو سمجھنے میں معاون ثابت ہوں گی۔ کتاب کا مواد روزمرہ زندگی سے مربوط ہے اس لیے یقیناً یہ اسباق طلبہ میں مطالعے کا ذوق وشوق پیدا کریں گے۔

ہر سبق کے آخر میں مشقیں بھی دی گئی ہیں جن میں زباندانی کی افہام وتفہیم میں تنوّع کا خاص خیال رکھا گیا ہے۔ ان مشقوں میں مواد پر مبنی نیز دیگر تفہیمی سوالات کے ساتھ ساتھ طلبہ کی زباندانی کی مہارتوں کی نشوونما کے نقطۂ نظر سے خود آموزی کی مختلف سرگرمیاں بھی شامل کی گئی ہیں۔ توقع ہے کہ مشقی سوالات حل کرانے میں اساتذہ اور سرپرست بھی دلچسپی کا مظاہرہ کریں گے۔

زیرِ نظر درسی کتاب میں ماحولیات سے متعلق اسباق بھی شامل ہیں۔ درس وتدریس کے دوران اساتذہ اس امر کو ملحوظ رکھیں کہ جماعت میں جو کچھ سکھایا جائے، وہ اسکول سے باہر کی دنیا اور روزمرہ زندگی کے معاملات سے لازمی طور پر مربوط ہو۔

کتاب کو حتی الامکان معیاری اور بے عیب بنانے کے لیے اس کا مسودہ مہاراشٹر کے مختلف علاقوں کے منتخب اساتذہ، ماہرینِ تعلیم اور ماہرینِ زبان کی خدمت میں تبصرہ کے لیے پیش کیا گیا تھا۔ اُن کے پیش کردہ مشوروں اور تجاویز کی روشنی میں مسودے میں ضروری ترمیم کر کے اسے قطعی شکل دی گئی ہے۔

اس موقع پر ادارہ اُردو لسانی کمیٹی کے ان تمام اراکین کا شکریہ ادا کرنا اپنا فرض سمجھتا ہے جو اس کتاب کی ترتیب وتدوین سے متعلق سرگرمیوں میں خلوص وتندہی سے مصروف رہے اور کتاب کی تیاری کے ہر پہلو سے دلی طور پر وابستہ رہے۔ اِدارہ خصوصی طور پر مدعوئین صاحبان کا شکر گزار ہے جن کے گراں قدر تعاون کے بغیر اس کتاب کا مسودہ تکمیل نہ پاتا۔ اسی طرح ان تمام ماہرینِ تعلیم، اساتذہ، مصوّر، مجلسِ ادارت اور مجلسِ عاملہ کا بھی تہِ دل سے شکر گزار ہے جن کے تعاون سے یہ کتاب پایۂ تکمیل کو پہنچی ہے۔ توقع ہے کہ طلبہ، اساتذہ اور سرپرست اس کتاب کا خیر مقدم کریں گے۔

پونہ۔
تاریخ: ۱۴/مئی ۲۰۱۴ء
۱۴/رجب المرجب ۱۴۳۵ھ

(چندرمنی بورکر)
**ڈائرکٹر**
مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی و
ابھیاس کرم سنشودھن منڈل، پونہ-۴

# آموزشی ماحصل - چوتھی جماعت

| درس تجویز کردہ تعلیمی عمل | آموزشی ماحصل |
|---|---|
| **تمام طلبہ کو (مخصوص توجہ کے مستحق بچوں کے ساتھ) انفرادی یا اجتماعی طور پر عمل کرنے کے لیے درج ذیل اُمور کی ترغیب دی جائے:**<br>• مختلف مہماتی، اخلاقی اور ما فوق الفطرت کردار کی کہانیاں سننے کے مواقع فراہم کرنا۔<br>• مختلف عنوانات، حالات، واقعات، تجربات، قصے، نظمیں وغیرہ خود کے طریقے کے مطابق اور اپنی زبان میں بولنا / سوالات پوچھنا اور اسی طرح اس میں اضافہ کرنا۔<br>• گوشۂ مطالعہ / لائبریری میں بچوں کی سطح کے لحاظ سے مختلف سطحوں پر بچوں کی زبان اور دیگر نصابی زبان میں تفریحی مواد مثلاً بچوں کا ادب، بچوں کے رسائل، سمعی و بصری وسائل فراہم کرنا۔<br>• مختلف قصے، نظمیں، بورڈ وغیرہ پڑھ کر سمجھنا، سمجھانا۔ اس پر اپنی رائے کا اظہار کرنا، بحث کرنا، سوالات پوچھنا۔<br>• مختلف مقاصد کو ذہن میں رکھ کر تدریس کے مختلف مراحل کو جماعت میں مناسب مقام دینا جیسے کسی واقعے یا کردار سے متعلق اپنی رائے، خیال، منطق پیش کرنا، تجزیہ کرنا وغیرہ۔<br>• قصے، نظمیں وغیرہ پڑھنے، سننے، دیکھنے، پڑھی ہوئی کہانیوں کو اپنی زبان میں سنانا اور لکھنا۔ (زبانی اور اشاراتی نوعیت کے لحاظ سے)<br>• ضرورت کے لحاظ سے اور حوالے کے مطابق اپنی زبان کو سمجھنے کے لیے نئے الفاظ/ جملے وغیرہ کا استعمال کرنا۔<br>• ضرورت کے لحاظ سے اور حوالے کے مطابق اپنی زبان کو سمجھنے کے لیے نئے الفاظ/ جملے وغیرہ کا استعمال کرنا۔<br>• اپنے طریقے / تخیل کے لحاظ سے خود کی کہانی کو پیش کرنے کی (زبانی، تحریری اور اشاراتی نوعیت سے) انھیں آزادی دینا۔<br>• اپنے اطراف میں رونما ہونے والے حالات / واقعات (جیسے میرے گھر کی چھت سے سورج کیوں نہیں نظر آتا؟ سامنے درخت پر بیٹھی ہوئی چڑیا کہاں چلی گئی؟) اس طرح کے سوالات پوچھنا۔ ہم مکتب ساتھیوں کے ساتھ بحث کرنا۔<br>• درسی کتاب کے مواد میں موجود زبان کی باریکی اور نوعیت کو سمجھنا اور اس کا استعمال کرنا۔<br>• دیگر مضامین، پیشے، فنون وغیرہ (مثلاً ریاضی، سائنس، سماجی علوم، رقص وغیرہ) میں شامل الفاظ کو سمجھنا اور ان کو موقع محل / حوالے کے اعتبار سے استعمال کرنا۔<br>• درسی کتاب اور اس سے متعلق دیگر مواد میں اپنے قدرتی، سماجی اور دیگر حساس نکات کو سمجھ کر اس پر بحث کرنا۔ | **طالب علم**<br>04.04.01 سنی ہوئی کہانی کو غور سے سنتا ہے اور اس پر اپنی رائے کا اظہار کرتا ہے اور سوالات پوچھتا ہے۔<br>04.04.02 کہے ہوئے، سنے ہوئے، پڑھے ہوئے متن / مواد کا نفس مضمون، واقعات، کردار، عنوان وغیرہ کے بارے میں بات چیت کرتا ہے۔ سوال پوچھتا ہے۔ دلیلوں کے ساتھ اپنی رائے دیتا ہے۔<br>04.04.03 کہانی، نظم یا دیگر اصناف سے متعلق بات کرتے وقت اس میں خود کے خیالات کو شامل کرتا ہے۔ پڑھنے سے متعلق دلچسپی کا مظاہرہ کرتے ہوئے گوشۂ کتب / لائبریری سے اپنی پسند کی کتاب کا خود انتخاب کرتا ہے۔<br>04.04.04 خود کی بات پیش کرتے وقت زباندانی کی مختلف خصوصیات کا بڑی احتیاط سے استعمال کرتا ہے۔<br>04.04.05 مختلف قسم کے مواد (مثلاً اخبارات کی سرخیاں، بچوں کا ادب وغیرہ) میں شائع شدہ ماحول اور سماج سے متعلق اور دیگر حسّی معاملات کو سمجھتے ہوئے ان پر بحث کرتا ہے، تجزیہ کرتا ہے اور اپنی رائے پیش کرتا ہے۔<br>04.04.06 پڑھے ہوئے مواد اور روزمرہ کے تجربات میں ربط قائم کر کے اس سے پیدا ہونے والی شکایت، احساسات اور خیالات کو زبانی /تحریری صورت میں ظاہر کرتا ہے۔<br>04.04.07 درسی کتاب کے علاوہ دیگر مواد (ادبِ اطفال، اخبارات کی سرخیاں، ہدایتی بورڈ / اشتہارات وغیرہ) کو سمجھ کر پڑھتا ہے۔<br>04.04.08 مختلف قسم کے متن / مواد میں شامل نئے الفاظ کے معنی متن کے حوالے سے سمجھ کر اس کا استعمال (زبانی /تحریری صورت میں) کرتا ہے۔<br>04.04.09 پڑھے ہوئے مواد میں اصل موضوع، حادثہ، تصویر، خط، عنوان سے متعلق بحث کرتا ہے۔ سوالات پوچھتا ہے۔ اپنی رائے کا اظہار کرتا ہے اور اپنی بات کو ثابت کرتا ہے۔<br>04.04.10 جماعت کے لحاظ سے دیگر مضامین، پیشوں، فنون وغیرہ (جیسے ماحول کا مطالعہ، موسیقی) میں مستعمل الفاظ کی تعریف کرتا ہے۔<br>04.04.11 زباندانی کی باریکیوں جیسے الفاظ کی بناوٹ، ضمیر، صفت، جنس، واحد جمع وغیرہ سے آگاہی حاصل کرتے ہوئے مناسب طریقے سے لکھتا ہے۔<br>04.04.12 کسی عنوان پر لکھتے وقت الفاظ کی بناوٹ اور تحریری اصولوں کو مدنظر رکھتا ہے اور مناسب الفاظ کا استعمال کرتا ہے۔<br>04.04.13 مختلف مقاصد اور مواقع (مثلاً نوٹس بورڈ پر لکھی جانے والی ہدایت، مقابلے کا اعلان، اقوالِ زرین وغیرہ) کے لحاظ سے پڑھتا اور لکھتا ہے۔<br>04.04.14 خود کی خواہش سے یا معلم / معلّمہ کی طے کردہ سرگرمیوں میں تحریر کے عمل کو بہتر طور پر سمجھ کر اپنی تحریر کی جانچ کرتا ہے اور اس میں تبدیلیاں لاتا ہے۔<br>04.04.15 مختلف ادبی اصناف میں آئے ہوئے نئے الفاظ کے معنی سمجھ کر انھیں اپنی تحریر میں استعمال کرتا ہے۔<br>04.04.16 اپنی تحریر میں علاماتِ اوقاف جیسے وقفہ، ختمہ، سوالیہ نشان کا مناسب استعمال کرتا ہے۔<br>04.04.17 اپنے تصوّر سے کہانی، نظم، وضاحت وغیرہ لکھتے وقت تخلیقیت کے ساتھ زبان استعمال کرتا ہے۔ |

# فہرست


| * | زبانی اور عملی کام کے لیے مواد | | | |
|---|---|---|---|---|
| * | برسات | (نظم) | تلوک چند محرومؔ | ۱ |
| * | علم کا شوق | | ادارہ | ۲ |
| * | فطرت کا سبق | (نظم) | حسنؔ عابدی | ۳ |
| * | کتنے پیالے پانی | | ادارہ | ۴ |
| ۱۔ | حمد | (نظم) | قاضی محمد شکیلؔ | ۵ |
| ۲۔ | حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا | | ڈاکٹر سیّد یحییٰ نشیط | ۷ |
| ۳۔ | ماں باپ | (نظم) | ماخوذ | ۱۱ |
| ۴۔ | پوری جو کڑھائی سے نکل بھاگی | | ڈاکٹر ذاکر حُسین | ۱۳ |
| ۵۔ | پھول اور بچّے | (نظم) | منظور ہاشمی | ۱۷ |
| ۶۔ | بہت خوب! | | مائل خیرآبادی | ۱۹ |
| ۷۔ | پانی کی حقیقت | (نظم) | مولوی اسماعیلؔ میرٹھی | ۲۳ |
| ۸۔ | شفیع الدین نیّرؔ | | سلیم شہزاد | ۲۶ |
| ۹۔ | پھولوں کا تحفہ | | معروف احمد چشتی | ۲۹ |
| ۱۰۔ | ایک چھوٹی بچّی | (نظم) | الطاف حسین حالیؔ | ۳۴ |
| ۱۱۔ | پرندوں کی دنیا | | ماخوذ | ۳۶ |
| ۱۲۔ | ماتھیران کی سیر | | ماخوذ | ۴۰ |

| نمبر شمار | | | | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|---|
| * | زبانی اور عملی کام کے لیے مواد | | | |
| * | قلم اور کتاب | (نظم) | ضمیرؔ درویش | ۴۴ |
| * | بانٹ کر کھانے کا مزہ | | ادارہ | ۴۵ |
| * | مانجھی | (گیت) | ماخوذ | ۴۶ |
| * | پہلے کام پھر آرام | | ادارہ | ۴۷ |
| ۱۳۔ | ایک گھوڑا اور اس کا سایہ | (نظم) | ماخوذ | ۴۸ |
| ۱۴۔ | حکیم اجمل خان | | ادارہ | ۵۰ |
| ۱۵۔ | ذرا آسماں کا سماں دیکھیے | (نظم) | ماخوذ | ۵۳ |
| ۱۶۔ | دیگچی میں سر | (ڈراما) | حامد اللہ افسرؔ | ۵۵ |
| ۱۷۔ | ہمارے پڑوسی | (نظم) | ظفرؔ گورکھپوری | ۶۰ |
| ۱۸۔ | تیز گام | | سلام بن رزّاق | ۶۲ |
| ۱۹۔ | دل سے پیارا وطن | (نظم) | برج نرائن چکبستؔ | ۶۶ |
| ۲۰۔ | صبر کا پھل | | شبنم قادری | ۶۸ |
| ۲۱۔ | خط | | اِدارہ | ۷۲ |
| ۲۲۔ | ہمدردی | (نظم) | علّامہ اقبالؔ | ۷۵ |
| ۲۳۔ | سچّائی کا انعام | | ماخوذ | ۷۷ |
| ۲۴۔ | بے چارہ جِن | | مشتاق رضا | ۸۱ |
| ۲۵۔ | سچن تینڈولکر | | ادارہ | ۸۶ |